بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

Wifaq-ul-Madaris-il-Arabia, Pakistan.

وفاق المدارس العربیہ پاکستان

فون نمبر: 061-111122133

مرکزی دفتر: گارڈن ٹاؤن شیر شاہ روڈ مُلتان

حوالہ نمبر: AM-1 1501 -1447/s

تاریخ: 08-07-1447
29-12-2025

محترم ومکرم حضرات مہتممین و منتظمین مدارس وفاق المدارس العربیہ پاکستان

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

مدارس کے تعلیمی سال کا آخر آخر ہے اور جیسا کہ ہمارے مدارس میں روایت چلی آ رہی ہے ختم بخاری شریف، تکمیل حفظ القرآن الکریم یا کسی اور عنوان سے سالانہ تقاریب بھی منعقد ہوتی ہیں۔ یہ تقریبات روحانی، بابرکت اور اللہ تعالیٰ کی رحمتوں کے نزول کے مواقع ہوتے ہیں اور ان مواقع پر محض دعا میں شرکت بھی بہت بڑی سعادت ہے۔ لیکن گزشتہ چند سالوں سے مدارس میں یہ سالانہ تقریبات بہت سی خرابیوں اور خرافات کا شکار ہو کر رہ گئی ہیں۔ ان خرابیوں کی فہرست لمبی ہے جن میں سے چند درج ذیل ہیں۔

(1)......ان تقاریب کے انعقاد کے لیے طلبہ وطالبات سے ہزاروں روپے کا مطالبہ کیا جاتا ہے جب کہ ہمارے مدارس میں پڑھنے والے طلبہ وطالبات کی ایک بڑی تعداد متوسط یا غریب گھرانوں سے تعلق رکھتی ہے، ان کے لیے یہ بوجھ نا قابل تحمل ہوتا ہے۔ طلبہ وطالبات یا ان کے سرپرست یہ رقم طیب خاطر سے نہیں دیتے۔ یوں بھی موجود وسائل سے زیادہ ان تقریبات پر خرچ کرنا کسی طرح مناسب نہیں ہے۔

(2)......ان جمع کردہ رقوم سے مہتمم صاحب مہتممہ صاحبہ معلمین اور معلمات کے لیے بیش قیمت ملبوسات سلوائے جاتے ہیں اور بعض جگہوں میں سونے کے چھوٹے زیورات خرید کر مہتممہ صاحبہ یا بڑی باجی کو تحفہ میں دیئے جاتے ہیں۔ مدارس کی بنیاد اخلاص اور زہد پر ہونی چاہیے۔ اس قسم کے انعامات جب کہ وہ طلبہ وطالبات سے لی ہوئی رقوم سے ہوں، ہرگز مناسب نہیں۔

(3)......طلبہ اور طالبات کے لیے ایک جیسا لباس، قیمتی جوڑے، عبائیں، چوغے اور مفلر خریدے جاتے ہیں۔

(4)......شرکائے تقریب کے لیے دیگیں پکائی جاتی ہیں اور پر تکلف دعوتیں ہوتی ہیں۔

(5)......طالبات لاؤڈ اسپیکر پر نعتیں اور نظمیں پڑھتی ہیں اور ان کی آواز دور دور تک سنائی دیتی ہے۔

(6)......تصاویر بنائی جاتی ہیں اور ویڈیوز بنتی ہیں۔ حد یہ کہ یہ سب کچھ مدارس بنات میں بھی ہوتا ہے جس کے عدم جواز میں کوئی شبہ نہیں ہے۔ اسی طرح یہ ساری باتیں نام ونمود اور دکھاوے کے ذیل میں آتی ہیں جو مدارس کی روح کے خلاف ہے۔

(7)......گاڑیاں سجائی جاتی ہیں اور طلبہ وطالبات کو گاڑیوں کے جلوس میں لایا اور لے جایا جاتا ہے۔

(8)......بعض لوگ طلبہ یا طالبات سے لی ہوئی انہی رقوم سے عمرے کے اسفار کرتے ہیں۔

(9)......بعض جگہوں پر مہتمم صاحب یا قاری صاحب کے لیے موٹر سائیکل خریدی جاتی ہے۔

Email:wifaqulmadaris@gmail.com UAN:061-111-122-133 Fax:061-6539485 Web:www.wifaqulmadaris.org

حوالہ نمبر: AM-1 1502 -1447/s

تاریخ: 08-07-1447
29-12-2025

(10)......بعض جگہوں پر بہت بیش قیمت کیک بنوا کر کائے جاتے ہیں۔ جو مغربی تہذیب کی ایک رسم ہے۔

ان کے علاوہ اور بھی بہت سی خرافات ہیں جو تحریر کیے جانے کے قابل نہیں ہیں۔ ان خرافات اور نت نئی رسموں نے ہماری ان تقاریب کی سنجیدگی، متانت اور روحانیت و برکات کو غارت کر دیا ہے۔ اگر یہ سلسلہ نہیں رکے گا تو نہ معلوم اور کتنی خرابیاں پیدا ہوں گی۔ اس لیے مدارس کے مہتمین و منتظمین حضرات اور ذمہ داران کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اس سلسلہ کو روک دیں۔ ان تقاریب کو مذکورہ اور دوسری خرابیوں سے پاک کر کے نہایت سادہ، پروقار اور روحانی بنا دیں۔ مدارس اور جامعات کی کارکردگی کا ذکر کیا جائے اور ممتاز کامیابی حاصل کرنے والے طلبہ وطالبات کی حوصلہ افزائی کے لیے انہیں انعامات دینے میں بھی کوئی حرج نہیں۔

ان سالانہ اجتماعات کو ختم بخاری شریف کا عنوان دینا بھی محل نظر ہے کیوں کہ جس طرح کا اہتمام کیا جانے لگا ہے وہ آئندہ اور مفاسد کا پیش خیمہ بھی ہو سکتا ہے۔ اس لیے سالانہ جلسہ دستار بندی یا چادر پوشی کے عنوانات دینا بہتر ہو گا۔

دینی مدارس کی اصل روح اخلاص وتوکل، رجوع الی اللہ اور نام ونمود سے پرہیز ہے۔ ہمارے ہر اقدام میں اس کی عکاسی ہونی چاہیے۔ یہ ہدایات دردمندی سے دی جا رہی ہیں، امید ہے کہ انہیں اسی جذبے سے قبول کیا جائے گا۔

آئندہ کے لیے طلبہ وطالبات سے سالانہ تقریب کے لیے رقمیں وصول کرنے کا ثبوت ملا تو یہ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی طرف سے ایسے مدارس کے خلاف انضباطی کارروائی کا موجب بن سکتا ہے۔ تمام مدارس کو ان کی حقیقی روح پر قائم رکھنے کا اہتمام کیا جائے۔ آپ ان تقاریب کو سادہ اور پروقار بنائیں گے تو اس پر اللہ تعالی سے اجر عظیم کی بھی امید ہے اور اس سے نصرت الٰہی بھی شامل حال ہو گی، ان شاء اللہ۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔

والسلام

(حضرت مولانا مفتی) محمد تقی عثمانی
صدر: وفاق المدارس العربیہ پاکستان

(حضرت مولانا) انوار الحق
نائب صدر اول: وفاق المدارس العربیہ پاکستان

(مولانا) محمد حنیف جالندھری
ناظم اعلیٰ: وفاق المدارس العربیہ پاکستان